Course Title: Classical Persian Literature in Iran II & Rhetoric II

BS Persian Semester IV

Session 2018-2022

Course Code: Maj/Per 203

Credit Hrs: 03

غزلیات حافظ شیرازی

(غزل1)

ساقی بنُورِ بادہ بر افروز جامِ ما
مطرب بگو کہ کار جہاں شد بکامِ ما

ترجمہ:

اے ساقی شراب کے نور سے میرے پیالہ کو منور
اور اے مطرب بشارت دے کہ تمام کام خاطر خواہ سرانجام ہوجائے

ما ، در پیالہ عکس ِرخ ِ یار دیدہ ایم
ای بیخبر ز لذت ِشرب دوامِ ما

ترجمہ:

ہم نے پیالہ میں یار کے چہرہ کا عکس دیکھا ہے اے بےخبر یہ وہ مزا ہے جو ہمیشہ شراب نوشی سے حاصل ہوتا ہے

چنداں بود کرشمہ و ناز سہی قداں
کاید بجلوہ سرو صنوبر خرامِ ما

ترجمہ:

سہی قامت معشوقوں کے ناز و انداز اس وقت تک پسندیدہ ہیں
جب تک ہمارا بلند قد سرو خراماں جلوہ افروز نہیں ہوتا

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بہ عشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ ما

ترجمہ:

بے شک وہ شخص کبھی نہیں مرتا جس کا دل عشق سے زندہ ہے
زمانہ کے دفتر پر ہماری ہمیشگی ثبت ہے

ترسم کہ صرفہ نبرد روز بازخواست
نانِ حلا ل ، شیخ ز آب ِ حرام ِ ما
ترجمہ:
مجھے ڈر ہے کہ قیامت کے دن غلبہ حاصل نہ کرے گا
شیخ کا نانِ حلال ہمارے حرام پانی پر

مستی بچشم شاہد دلبند ما خوش است
زاں رو سپردہ اند بمستاں زمامِ ما
ترجمہ:
میرے معشوق کی آنکھوں میں مستی کسی بھلی معلوم ہوتی ہے
اس لئے ہمارے اختیار کی باگ اس کی مست آنکھوں کے حوالے ہے

ای باد گر بہ گلشن احباب بگذری
زنہار عرضہ دہ بر جاناں پیامِ ما

ترجمہ:

اے صبا اگر تیرا گذر دوستوں کے گلشن میں ہو تو ضرور میرا پیام میرے محبوب کو پہنچا دینا

گو نامِ ما ز یاد بعمداً چہ مے بری
خود آید آنکہ یاد نیاری ز نامِ ما

ترجمہ:

اور کہنا کہ دیدہ و دانستہ میرا نام کیوں فراموش کرتا ہے وہ وقت آتا ہے کہ تجھے میرا نام بھولے سے یاد نہ آئے گا

دریائے اخضر فلک و کشتیِ ہلال
ہستند غرق نعمتِ حاجی قوامِ ما

ترجمہ:

آسمان جو نیلے دریا کی طرح ہے اور ہلال جو کشتی کے مشابہ ہے
ہمارے حاجی قوام کی نعمت میں غرق ہیں

حافظ زدیدہ دانۂ اشکی ہمی فشاں
باشد کہ مرغِ وصل کند قصدِ دامِ ما

ترجمہ:

اے حافظ آنکھوں سے آنسوں کے دانے گرا ممکن ہے کہ مرغ وصل ہمارے جال میں پھنس جائے